Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

# چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ یعنی بچوں کی معذوری کی ادائیگی

### چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کیا ہے؟

چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کسی معذور یا عارضہ موت میں مبتلا بچے یا نوجوان کی دیکھ بھال کے اضافی اخراجات میں مدد کے لیے رقم فراہم کرتی ہے۔ یہ اسکاٹ لینڈ میں رہنے والے بچوں کے ڈس ایبلٹی لونگ الاؤنس کی جگہ لے لیتا ہے جو پہلے ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشنز کے ذریعے دیا جاتا تھا۔

### چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کے لیے کون اہل ہے؟

ایک بچہ ادائیگی کا حقدار ہو سکتا ہے اگر وہ کسی معذوری یا کم از کم 3 ماہ تک کی طویل المدت صحت کے مسئلے میں مبتلا رہتا ہے جس کے کم از کم 6 ماہ تک جاری رہنے کی توقع ہے، جب تک کہ وہ عارضہ موت میں مبتلا نہ ہوں۔

اگر کسی بچے کو 16 سال کی عمر سے پہلے چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ مل جاتی ہے، تو وہ اسے اس وقت تک حاصل کرتے رہیں گے جب تک کہ وہ 18 سال کے نہیں ہوں گے جب تک کہ وہ اس کی شرائط پر پورا اترتے ہیں۔ اگر بچہ 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کا ہو، تو اسے ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ یعنی بالغ معذوری کی ادائیگی کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہوگی۔

### ادائیگی کی شرحوں کا حساب کیسے لگایا جاتا ہے؟

شرح 2 حصوں پر مبنی ہے، دیکھ بھال کے حصے اور نقل و حرکت کے حصے پر۔

**دیکھ بھال کے لیے 3 ہفتہ وار شرحیں ہیں:**

- کم ترین: £28.70 - انہیں کچھ مدد اور معاونت کی ضرورت ہوتی ہے۔
- متوسط: £72.65 - انہیں دن میں یا رات کے وقت اکثر مدد یا نگرانی کی ضرورت ہوتی ہے۔
- بلندترین: £108.55 - انہیں دن اور رات میں مدد اور معاونت کی ضرورت ہوتی ہے۔

**موبیلٹی یعني نقل و حرکت کے لیے 2 ہفتہ وار شرحیں ہیں:**

- کم تر: £28.70 (5 سال اور اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے) - ان بچوں کے لیے جنہیں باہر گھومتے پھرتے نگرانی یا رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔
- بلند تر: £75.75 (3 سال اور اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے) - ان بچوں کے لیے جو چل نہیں سکتے، چلنے میں دشواری کا سامنا کرتے ہیں، یا شدید بصری یا دماغی صحت کی معذوری رکھتے ہیں۔

اگر کسی بچے کو نقل و حرکت کی بلند ترین شرح ملتی ہے، تو اس میں سے کچھ یا سبھی قابل رسائی گاڑیاں اور آلات کی اسکیم کے ذریعے ایک نئی کار، سکوٹر یا توانائی سے چلنے والی وہیل چیئر لیز پر منتقل کی جا سکتی ہیں۔ 3 سال سے کم عمر کے بچے نقل و حرکت کے حصے کے لیے اہل نہیں۔

### لوگوں کو ادائیگی کب ملے گی؟

اگر درخواست کامیاب ہو جائے، تو بچے کی پہلی ادائیگی کا حساب اس تاریخ سے لگایا جائے گا جس تاریخ سے آن لائن درخواست کا پہلا حصہ جمع کرایا گیا تھا یا اس تاریخ سے جب اس شخص نے درخواست کا عمل شروع کرنے کے لیے فون کیا تھا، اگر اس نے فون اور کاغذی فارم کے ذریعے درخواست دی ہو۔ چلڈرن ڈس ایبلٹی پیمنٹ ہر 4 ہفتے بعد بقایا جات کی شکل میں کی جاتی ہے۔ اس کی ادائیگی درخواست میں دی گئی اکاؤنٹ کی تفصیلات میں کی جائے گی۔

### درخواست کا عمل کیسے سرانجام پاتا ہے؟

درخواست کے 2 حصے ہوتے ہیں۔ حصہ 1 ذاتی تفصیلات کا پوچھتا ہے، جیسے تاریخ پیدائش اور پتے۔ حصہ 2 وہ ہے جہاں درخواست دینے والا شخص ہمیں اپنے بچے کے صحت کے مسائل اور ضروریات کے بارے میں بتا سکتا ہے۔

حصه 2 میں، ہم ایک پیشه ور فرد سے معاون معلومات کا 1 حصه بھی طلب کرتے ہیں جو ان کے بچے کی معذوری، صحت کے مسائل یا ضروریات کی وسیع پیمانے پر تصدیق کرتی ہیں ۔ مثالوں میں سماجی دیکھ بھال کے منصوبے ، ڈاکٹری نسخوں کی فہرستیں اور بچے کی اضافی مدد کی ضرورت کا منصوبه شامل ہے۔ یه پیشه ور افراد بشمول معاون کارکنوں، ڈاکٹروں اور اساتذہ سے آ سکتی ہیں ۔

معاون معلومات میں تشخیص شامل ہو سکتی ہے اگر کوئی ہوئی ہو، لیکن درخواست دینے کے لیے اس کی ضرورت نہیں۔

**ادائیگی کا جائزہ کب لیا جائے گا؟**

جائزے اس کے مطابق طے کیے جائیں گے جب ہم توقع کرتے ہیں که بچے کی ضروریات میں تبدیلی آئی ہے۔ ان کلائنٹس کے لیے جن کی حالت میں تبدیلی کا امکان نہیں ہے، فیصلے کی تاریخ سے 5 اور 10 سال کے درمیان جائزے کی تاریخ مقرر کی جائے گی۔ ہم کسی بھی جائزے کے دوران چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ جاری رکھیں گے۔

ہم اس شخص کو لکھیں گے جس نے بچے کی تیسری یا پانچویں سالگرہ سے پہلے بچے کی جانب سے بینفٹ کے لیے درخواست دی ہو اگر اسے موبیلٹی کمپوننٹ یعنی نقل و حرکت کے جزو کی ادائیگی نہیں کی جا رہی، تاکه ہم اس کے حقدار ہونے کے بارے میں فیصله کر سکیں۔

**کیا وہ چائلڈ ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ یعنی بچوں کے لیے موسم سرما میں حرارتی ادائیگی کے اہل ہوں گے؟**

وہ بچے یا نوجوان جو کوالیفائنگ ہفتے کے کم از کم 1 دن (ہر سال ستمبر کے تیسرے پیر سے شروع ہونے والے) بینفٹ کے نگہداشت کے جزو کی بلند ترین شرح حاصل کرتے ہیں انہیں موسم سرما میں گھر کے ہیٹنگ کے اخراجات میں مدد کے لیے چائلڈ ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ ملے گی۔

**کیا ادائیگی ان بچوں کے لیے دستیاب ہے جو عارضه موت میں مبتلا ہیں؟**

ہاں. عارضه موت میں مبتلا بچه یا نوجوان نگہداشت کے جزو اور نقل و حرکت کے جزو کی بلند ترین شرح کا حقدار ہوگا، قطع نظر اس کے که اس بچے یا نوجوان کو کتنی مدت سے عارضه موت لاحق ہے۔ اگر بچه عارضه موت میں مبتلا ہے تو درخواست دینے کا ایک تیز اور آسان عمل موجود ہے۔

**وہ کیسے درخواست دے سکتے ہیں؟**

لوگ **mygov.scot/childdisability** پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ لوگ ذاتی طور پر، فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **0800 182 2222** پر مفت کال کرکے ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کر سکتے ہیں۔

**کیا وہ کسی متعلقه بینفٹس یعنی مالی وظائف کے اہل ہوں گے؟**

بچه، ان کے والدین، سرپرست یا نگہداشت کار متعلقه بینفٹس یعنی مالی وظائف ، خدمات اور پریمیم کے لیے بھی اہل ہو سکتے ہیں ۔ مزید معلومات کے لیے، **mygov.scot/child-disability-payment/related-benefits** پر جائیں.

COST OF LIVING SUPPORT

بہت سے لوگ رہن سہن کے اخراجات کے بارے میں فکر مند ہوتے ہیں۔ آپ تنہا نہیں ہیں. یه جاننے کے لیے که آپ کس مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں، برائے مہربانی ملاحظه کریں۔ **gov.scot/costoflivingsupport.** یا اپنے لوکل سٹیزن ایڈوائس بیورو پر جائیں ۔

**لوگ ہم سے کیسے رابطه کر سکتے ہیں؟**

ہمیں مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: 0300 244 4000 +18001 (سماعت میں مشکل رکھنے والوں کے لیے)

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

Webchat: chat.socialsecurity.gov.scot

سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کی پیروی کریں